سرخیاں:

۱۔وزیرفینانس ہریش راؤ نے آج اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ بی آر ایس پارٹی کے جلد جاری ہونے والے منشور سے اپوزیشن جماعتوں کی تنقیدیں ختم ہوجائیں گی۔

۲۔جی ایس ٹی کونسل کا 52واں اجلاس منعقد کیا گیا۔وزیرفینانس نرملا سیتارامن نے کہا کہ گڑ پر 28 فیصد جی ایس ٹی کو کم کرتے ہوئے پانچ فیصد کرنے کا فیصلہ کیا گیا

۳۔ای ڈی نے ٹالی ووڈ اداکار نودیپ کوحیدرآباد کے مادھاپور میں منشیات کے معاملہ کے سلسلہ میں نوٹس جاری کی ہے۔

۴۔ایشین گیمز میں ہندوستان کے میڈلس کی تعداد 105 ہوگئی جن میں 28 گولڈ، 36 سلور اور 41 برونز میڈلس شامل ہیں۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندرمودی نے سرکردہ زرعی سائنسداں پروفیسر ایم ایس سوامی ناتھن کی خدمات کو یاد کیا اور کہا کہ زراعت میں ان کے شاندار کام نے ہندوستان کو غذائی قلت والے ملک سے خودمکفتی ملک میں تبدیل کیا ہے۔Narendramodi.in پر اپنے بلاگ میں انہوں نے کہا کہ ملک ایک دوراندیش سے محروم ہوگیا۔جن کے کام کو سنہرے الفاظ میں ہمیشہ لکھا جائے گا۔مودی نے کہا کہ 1960ء کی دہائی میں ہندوستان قحط سے دوچار تھا اس وقت سوامی ناتھن کی لگن اور دوراندیشی نے زراعت کو خوشحال بنانے کے ایک نئے دور کا آغاز کیا۔انہوں نے کہا کہ زراعت اور گیہوں اگانے جیسے مخصوص شعبہ جات میں سوامی ناتھن کے شاندار کام کے نتیجہ میں گیہوں کی پیداوار میں بتدریج اضافہ ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس شاندار کارنامہ پر سوامی ناتھن ہندوستان کے بابائے سبز انقلاب کے خطاب کے مستحق ہیں۔

☆☆☆

وزیرفینانس ہریش راؤ نے آج اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ بی آر ایس پارٹی کے جلد جاری ہونے والے منشور سے اپوزیشن جماعتوں کی تنقیدیں ختم ہوجائیں گی۔انہوں نے منچریال ضلع میں بیشتر ترقیاتی پراجکٹس کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔اس موقع پر ہریش راؤ نے کہا کہ وزیراعلیٰ چندرشیکھرراؤ استفادہ کنندگان کے لئے وظیفہ کی رقم میں اضافہ پر تبادلہ خیال کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوام کا بھروسہ بی آر ایس حکومت میں ہے۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس حکومت کے دور میں خشک سالی یا کرفیو کی مثالیں سامنے نہیں آئی تھیں۔اس کے ذریعہ پر امن نظم ونسق کو یقینی بنایا گیا تھا۔انہوں نے کانگریس کے سابق کے وعدوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ قبل ازیں کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے میں پارٹی ناکام رہی۔وزیر موصوف نے بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا پر بھی تنقید کی اور الزام لگایا کہ انہوں نے تلنگانہ کی سیاسی سرزمین کا غلط اندازہ لگایا ہے۔انہوں نے یاددہانی کروائی کہ بی جے پی کے قومی صدر کی ریاست ہماچل پردیش میں بی جے پی کا مظاہرہ کس طرح رہا۔

☆☆☆

ایشین گیمز میں ہندوستان کے میڈلس کی تعداد 105 ہوگئی جن میں 28 گولڈ، 36 سلور اور 41 برونز میڈلس شامل ہیں۔چین کے ہنگزو انے یہ کھیل جاری ہے۔پہلی مرتبہ ہندوستان نے 100 میڈلس کے نشانہ کے تاریخی سنگ میل کو پار کیا ہے۔تین اہم کھیلوں اولمپکس، دولت مشترکہ اور ایشین گیمز میں 100 سے زیادہ میڈلس حاصل کرنے والا ہندوستان دوسرا ملک ہے۔

☆☆☆

ریاستی وزیر قبائلی بہبود ستیہ وتی راتھوڑ نے محبوب آباد ضلع کے منڈل مستقر کے کوراوی میں ترقیاتی کاموں کے لئے سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔اس موقع پر انہوں نے یاددہانی کروائی کہ اس علاقہ میں ترقی کے مواقع میں کمی کی وجہ سے ماضی میں عوام کو مشکلات کا سامنا تھا۔کوواری، ستیہ وتی راتھوڑ کا آبائی مقام ہے۔انہوں نے اس موقع پر کہا کہ اس علاقہ کی ترقی کے لئے وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ نے 450 کروڑ روپے الاٹ کئے ہیں۔

☆☆☆

ای ڈی نے ٹالی ووڈ اداکار نودیپ کو حیدرآباد کے مادھو پور میں منشیات کے معاملہ کے سلسلہ میں نوٹس جاری کی ہے۔امکان ہے کہ اداکار اس ماہ کی 10 تاریخ کو حیدرآباد میں ای ڈی کے دفتر میں پوچھ گچھ کے لئے حاضر ہوں گے۔قبل ازیں اسٹیٹ نارکوٹیک بیورو نے ان سے پوچھ تاچھ کی تھی۔تحقیقات کے دوران پتہ چلا کہ نودیپ کے مشتبہ افراد سے تعلقات تھے۔پولیس نے نشاندہی کی کہ قبل ازیں اس معاملہ میں گرفتار ایک شخص رام چندر سے اداکار نے منشیات خریدی تھیں۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے دہلی میں یوم آزادی کے موقع پر لال قلعہ کی اپنی تقریر میں کئے گئے اعلانات کا جائزہ لیا۔اپنی یوم آزادی کی تقریر میں مودی نے غریبوں اور متوسط طبقہ کے مکانات کے لئے قابل دسترس قرض کا اعلان کیا تھا۔اس اعلان کے پیش نظر انہوں نے اس کی تیاریوں پر عمل آوری کا جائزہ لیا۔انہوں نے مکانات کے لئے سولار پاور کو یقینی بنانے کا بھی ذکر کیا تھا۔انہوں نے اس اسکیم کو انجام دینے کی تیاریوں کا بھی جائزہ لیا۔

☆☆☆

کمشنر پولیس ورنگل اے وی رگھوناتھ نے نرمٹا کے سرکل انسپکٹر ناگا بابو اور سب انسپکٹر انیل کو اراضی تنازعہ کے معاملہ میں متاثرین کے خلاف جھوٹا مقدمہ درج کرنے اور حریفوں کی مدد پر معطل کردیا ہے۔متاثرین اِس اراضی کے 30 سال سے مالک تھے۔تاہم پولیس عہدیداروں نے اس بہانے سے لینڈ گرابرس کو اراضی پر قبضے میں مبینہ طور پر مدد کی کہ اس کا اندراج دھرانی پورٹل میں ہے۔

☆☆☆

نئی دہلی میں آج مرکزی وزیر فینانس نرملا سیتارامن کی صدارت میں جی ایس ٹی کونسل کا 52 واں اجلاس منعقد کیا گیا۔اس اجلاس میں مرکزی مملکتی وزیر فینانس پنکج چودھری نے ریاستوں اور مرکزی زیر انتظام علاقوں کے وزرائے فینانس کے ساتھ شرکت کی۔جی ایس ٹی اجلاس کے اختتام کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر فینانس نرملا سیتارامن نے کہا کہ گڑ پر 28 فیصد جی ایس ٹی کو کم کرتے ہوئے پانچ فیصد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس سے گنے کے کسانوں کو فائدہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ 70 فیصد باجرہ والے آٹے کو پری پیکیج شکل میں فروخت کرنے پر صفر فیصد جی ایس ٹی ہوتا اور اگر اسے پیکیج کی شکل میں لیبل لگاتے ہوئے فروخت کیا جاتا ہے تو اس پر پانچ فیصد جی ایس ٹی عائد ہوگا۔انہوں نے جی ایس ٹی ٹریبونل کے سلسلہ میں کئے گئے ترمیمات پر کہا کہ صدر کی اعظم ترین حد عمر 67 برس سے بڑھا کر 70 کردی گئی ہے جبکہ ارکان کی اعظم ترین حد عمر اب 67 برس ہوگی۔

☆☆☆

وزیر زراعت نرنجن ریڈی نے کہا ہے کہ 2014ء میں کاشت کے علاقہ 1.31 کروڑ میں اضافہ ہوا ہے۔ یہ 23-2022ء میں بڑھ کر 2.38 کروڑ ہوگیا ہے۔ انہوں نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے گزشتہ 10 برسوں کے دوران زراعت کے شعبہ کی ترقی کی تفصیلات سے واقف کروایا اور کہا کہ دھان کی پیداوار 68 لاکھ ٹن سے بڑھ کر 3 کروڑ فی ٹن ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سال 2014ء میں 1.33 لاکھ کروڑ روپے صرف کرتے ہوئے 722.92 لاکھ ٹن دھان خریدی گئی تھی جبکہ دیگر فصلوں کو 11,439 کروڑ روپے صرف کرتے ہوئے خریدا گیا تھا۔

☆☆☆

حیدرآباد کے نواحی علاقہ کیسرا کے قریب پیش آئے المناک سڑک حادثہ میں دو افراد ہلاک اور دیگر تین زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب کار چلانے والے نے اپنی گاڑی کا توازن کھودیا اور یہ گاڑی درخت سے ٹکرا گئی۔ مہلوکین کی شناخت الوال کے رہنے والے بھویش اور توشارا کے طور پر کی گئی ہے۔ نعشوں کو پوسٹ مارٹم کے لئے گاندھی ہاسپٹل منتقل کردیا گیا۔ الوال پولیس نے کہا کہ ابتدائی اطلاعات کے مطابق تیز رفتاری حادثہ کا سبب رہی۔

☆☆☆

ہندوستان نے اسرائیل میں مقیم اپنے باشندوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ملک میں موجودہ صورتحال کے پیش نظر سلامتی کے پروٹوکول پر عمل کرتے ہوئے چوکس رہیں۔ اپنے اڈوائزری میں اسرائیل میں ہندوستانی سفارت خانہ نے عوام پر زور دیا کہ وہ محتاط رہیں۔ غیر ضروری نقل وحرکت نہ کریں اور گھروں میں ہی محفوظ رہیں۔ ہنگامی صورتحال کی صورت میں وہ فون نمبر 97235226748+ پر کال کرسکتیں یا پھر ای میل cons1.telaviv@mea.gov.in پر اطلاع دیں۔